THE BANK OF PUNJAB
Passion Reborn

پریس ریلز

15th October 2020

صدر بینک آف پنجاب نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی)
میں Facilitation Booth کا افتتاح کر دیا

بینک آف پنجاب نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں Facilitation Booth کا افتتاح کر کے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی) میں اپنی پرسن ٹو گورنمنٹ (P2G) خدمات میں توسیع کر دی ہے۔ اس بوتھ سے تاجر برادری اور خصوصی طور پر لاہور کے تاجروں کو اس ون سٹاپ شاپ پر اپنی مختلف سرکاری ادائیگیوں میں مدد ملے گی۔ ادائیگیوں میں ای اسٹیمپنگ، ای چالان، PESSI شراکت کی ادائیگی، گاڑیوں کے ٹیکس، رجسٹریشن ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، ڈرائیونگ لائسنس فیس، اور دیگر مختلف صوبائی ادائیگیاں شامل ہیں۔ میاں طارق مصباح (صدر ایل سی سی آئی) کے ہمراہ بوتھ کا افتتاح جناب ظفر مسعود (صدر بینک آف پنجاب) نے کیا۔ اس تقریب میں ایل سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے مختلف ممبران، اور دی بینک آف پنجاب کی مینجمنٹ نے شرکت کی۔ تقریب میں دونوں صدور کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوئے جس میں باضابطہ طور پر Facilitation Booth پر خدمات کا آغاز کیا گیا۔

اس موقع پر جناب ظفر مسعود نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "یہ واقعی ہمارا کاروباری برادری کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے صحیح سمت میں ایک قدم ہے۔ بی او پی کا مقصد صوبہ بھر کے دیگر ایوان تجارت میں بھی اسی خدمت کو بڑھانا ہے، کیونکہ بزنس کمیونٹی ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور اسے ترجیحی طور پر غیر معمولی بینکاری مصنوعات اور خدمات مہیا کی جائیں گی۔

BOP
THE BANK OF PUNJAB
Passion Reborn

فوٹو کیپشن: BOPبوتھ کے افتتاح کے موقع پر صدر پنجاب بینک جناب ظفر مسعود کاLCCIعہدیداران اور بینک کی سینئر مینجمنٹ کے ساتھ گروپ فوٹو۔

فوٹو کیپشن: صدر پنجاب بینک جناب ظفر مسعود صاحب BOPبوتھ کا افتتاح کرتے ہوئے۔